معارف امام احمد رضا

ترتیب

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

رضا اکیڈیمی
رجسٹرڈ لاہور
(پاکستان)

دائرہ معارف امام احمد رضا

(حیاتِ امام احمد رضا کا پندرہ جلدوں پر مشتمل ایک جامع منصوبہ)

خاکہ

(برائے عالمی جامعات و ادارہ ہائے تحقیقات اسلامی)

ترتیب

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

ناشر

رضا اکیڈمی (رجسٹرڈ) لاہور

سلسلہ مطبوعات نمبر ۱۱۹

کتاب	دائرہ معارف امام احمد رضا
مصنف	پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
کتابت	الحاج شاہ محمد چشتی، قصور
صفحات	
تعداد	۲۰۰۰ (دو ہزار)
اشاعت اول	۱۴۰۳ھ / ۱۹۸۲ء کراچی
اشاعت دوم	۱۴۱۷ھ / ۱۹۹۶ء لاہور
ناشر	رضا اکیڈمی لاہور
مطبع	احمد سجاد پرنٹرز، موہنی روڈ لاہور
ہدیہ	دعائے خیر برائے معاونین

نوٹ: بیرونی حضرات دس روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب کریں۔

رابطہ
رضا اکیڈمی (رجسٹرڈ)
مسجد رضا، محبوب روڈ چاہ میراں، لاہور۔ ۵۴۹۰۰
فون: ۷۶۵۰۴۴۰

حرف آغاز

(دائرہ معارف امام احمد رضا۔ اشاعت ثانی)

حضرت مسعود ملت قبلہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نے ۱۹۷۰ء میں امام احمد رضا پر کام کا آغاز کیا۔ امام احمد رضا کے سیاسی افکار پر ان کی پہلی تحقیقی کتاب "فاضل بریلوی اور ترک موالات" ۱۹۷۱ء اور دوسری کتاب "فاضل بریلوی علماء حجاز کی نظر میں ۱۹۷۳ء کو لاہور سے شائع ہوئیں۔ پاکستان اور بھارت سے دونوں کتب کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے۔

ان کی اشاعت سے پاکستان اور بیرون پاکستان سے اہل علم نے یہ خواہش ظاہر کی کہ دور حاضر کے تقاضوں کے پیش نظر امام احمد رضا پر ایک مبسوط سوانح لکھی جائے۔ حضرت مسعود ملت نے اس کام کا بیڑا اٹھایا' ۱۹۷۰ء سے ۱۹۹۵ء تک کا ۲۵ سالہ علمی سفر طے کرنے کے بعد یہ اندازہ ہوا کہ یہ کام فرد واحد کے بس کا نہیں۔۔ امام احمد رضا کی مجوزہ سوانح پر حضرت مسعود ملت کا جتنا ریسرچ ورک تھا' اس کے تمام فائل پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری صاحب' سیکرٹری جنرل' ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی کو سونپ دیئے ہیں تاکہ وہ جدید خطوط پر سیرت امام احمد رضا مرتب کر سکیں۔ بہرحال قبلہ پروفیسر صاحب نے سیرت امام احمد رضا کے لئے اپنی تحقیق اور ریسرچ کی روشنی میں پندرہ جلدوں پر مبنی ایک جامع پروگرام مرتب کیا تاکہ محققین نظم و ضبط کے ساتھ امام احمد رضا پر تحقیق کو آگے بڑھائیں۔ الحمد للہ اس کے ابواب محققین کے مقالات کے لئے عنوانات بن گئے۔

اس وقت کولمبیا یونیورسٹی (امریکہ)' ہندو یونیورسٹی (بنارس)' پٹنہ یونیورسٹی' پٹنہ (بھارت)' سندھ یونیورسٹی (جام شورو' سندھ) کراچی یونیورسٹی (کراچی' پاکستان) سے امام

احمد رضا پر پانچ محققین ڈاکٹریٹ کر چکے ہیں۔۔ ایم فل اور ایم اے کے لئے مختلف یونیورسٹیوں میں جو مقالات پیش کئے گئے وہ بھی بیس پچیس سے سوا ہوں گے۔ تحقیق و ریسرچ کا سلسلہ بڑھتا ہی جاتا ہے اور کام مسلسل آگے بڑھ رہا ہے۔۔ براعظم ایشیاء' براعظم امریکہ' براعظم افریقہ اور براعظم یورپ کی ۲۰ یونیورسٹیوں اور علمی اداروں میں امام احمد رضا پر تحقیقی کام ہو رہا ہے۔۔

عالمی جامعات میں جو کام ہوا ہے' اس کی کچھ تفصیلات حضرت مسعود ملت نے اپنے مقالہ "امام احمد رضا اور عالمی جامعات" مطبوعہ صادق آباد ۱۹۹۱ء میں دی ہیں' لیکن اب تحقیق کا دائرہ بہت وسیع ہو چکا ہے اور ہر آنے والا دن ایک نئی خبر لے کر آ رہا ہے۔۔ قارئین کرام کے لئے چند معلومات پیش کی جاتی ہیں۔

☆ امام احمد رضا کی عربی شاعری پر عثمانیہ یونیورسٹی' حیدر آباد دکن اور مسلم یونیورسٹی' علی گڑھ میں کام ہو رہا ہے۔

☆ روہیل کھنڈ یونیورسٹی سے ایک خاتون امام احمد رضا کی شاعری پر ڈاکٹریٹ کر رہی ہیں۔

☆ پروفیسر محمود حسین بریلوی' صدر شعبہ عربی' بریلی کالج نے امام احمد رضا کے عربی آثار پر مسلم یونیورسٹی' علی گڑھ سے ایم۔ فل کیا۔

☆ برمنگھم یونیورسٹی' انگلستان سے پروفیسر غیاث الدین قریشی ڈاکٹریٹ کر رہے ہیں۔

☆ کلکتہ یونیورسٹی' کلکتہ (بھارت) میں امام احمد رضا کی اردو شاعری پر کام ہو رہا ہے۔

☆ نوشاد عالم حنفی' بہار یونیورسٹی' مظفر پور' بہار سے ڈاکٹریٹ کر رہے ہیں۔

☆ مولانا غلام مصطفےٰ نجم القادری' مسور یونیورسٹی' بھارت سے "احمد رضا کا تصور عشق" پر ڈاکٹریٹ کر رہے ہیں۔

☆ مولانا عبدالنعیم عزیزی بلرام پوری نے امام احمد رضا کی نثر نگاری پر روہیل کھنڈ یونیورسٹی' بھارت سے ڈاکٹریٹ کیا ہے۔

☆ پروفیسر اسحاق مدنی فتاویٰ رضویہ کے حوالہ سے امام احمد رضا کی سیاسی بصیرت پر کراچی یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کر رہے ہیں۔

☆ نگہت فاطمہ صاحبہ امام احمد رضا کے چھوٹے بھائی مولانا حسن رضا خاں کے حالات اور ادبی خدمات پر روہیل کھنڈ یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کر رہی ہیں۔

☆ پروفیسر نواب حسین خاں صاحب کی نگرانی میں سید مجیب الرضا، مفتی اعظم ہند مولانا مصطفیٰ رضا خاں۔۔ شخصیت و فن کے عنوان پر ڈاکٹریٹ کر رہے ہیں۔اس کے علاوہ امام احمد رضا کے والد ماجد مولانا محمد نقی علی خاں کی حیات اور ادبی کارناموں پر بھی تحقیق کر رہے ہیں۔

☆ مفتی عبد القیوم ہزاروی صاحب کے زیر نگرانی جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور میں فتاویٰ رضویہ کی تخریج و ترجمہ کا کام ہو رہا ہے۔۔ فتاویٰ رضویہ کی تین جلدوں کو آٹھ جلدوں میں شائع کیا جا چکا ہے۔۔ یہی رفتار رہی تو انشاء اللہ ۳۰ سے زائد جلدیں ہو جائیں گی۔

☆ امام احمد رضا کی فن حدیث میں خدمات کا جائزہ پروفیسر خالد الحامدی جامعہ ملیہ، نئی دہلی اپنے مقالہ ڈاکٹریٹ میں پیش کر رہے ہیں۔

☆ مسلم الثبوت کے حاشیہ فواتح الرحموت پر امام احمد رضا کا ضخیم حاشیہ ہے۔ پنجاب یونیورسٹی، لاہور سے پروفیسر قاری محمد رفیق نقشبندی مظہری اس پر ڈاکٹریٹ کر رہے ہیں۔

☆ مولانا محمد سعید نقشبندی بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان سے بدعت کے حوالے سے ڈاکٹریٹ کر رہے ہیں۔

☆ امام احمد رضا کی فقاہت پر حضرت مسعود ملت کے دو مقالے عربی میں شائع ہو چکے ہیں۔

(۱) فقیہ العصر (۲) الشیخ احمد رضا خاں البریلوی

قبلہ پروفیسر صاحب کی اعلیٰ حضرت پر نگارشات و مطبوعات کی مکمل تفصیل احقر کی مرتبہ کتب۔

(۱) "تخصصات حضرت مسعود ملت" جسے ادارہ مظہر اسلام' لاہور نے ۱۹۹۴ء میں شائع کیا۔ 1

(۲) حضرت مسعود ملت اور رضویات۔ جسے رضا اکیڈمی لاہور نے جولائی ۱۹۹۴ء میں شائع کیا۔۔ میں ملاحظہ فرمائیں۔ دائرہ معارف امام احمد رضا کو ۱۹۸۳ء میں ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی نے شائع کیا۔ اس کا صرف ایک ہی ایڈیشن شائع ہوا تھا۔ اب جبکہ امام احمد رضا پر دائرہ کار دور دور تک پھیل چکا ہے' اس کی اشاعت ثانی کی بڑی ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔۔ نئے نئے ریسرچ اسکالر منظر پر ابھر رہے ہیں۔ ان کی رہنمائی کے لئے اس کی اشاعت ضروری ہے۔ رضا اکیڈمی لاہور نے دور حاضر کی اس ضرورت کو محسوس کیا۔ یہ ادارہ اس کی اشاعت ثانی کی سعادت عرصہ ۱۴ سال بعد حاصل کر رہا ہے۔

گر قبول افتد' زہے عزو شرف

عاشق رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور عاشق رضا حاجی محمد مقبول احمد صاحب قادری ضیائی نے بحیثیت ناشر رضویات خود کو منوایا ہے۔ سراپا محبت و خلوص' ہر خاص و عام میں مقبول شخصیت ہیں۔ امام احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمہ کی تعلیمات و نگارشات کو منظر عام پر لانے کے لئے گویا انہوں نے خود کو وقف کر دیا ہے۔ ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء

ناسپاسی ہوگی اگر حضرت العلامہ محمد منشاء تابش قصوری صاحب' مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کا ذکر نہ کیا جائے۔ ان کی شفقت و لطف و عنایت ہم مبتدیوں کے لئے ایک مثال ہے۔ بلاشبہ وہ بے لوث محبت کی علامت ہیں۔۔ ان کے ساتھ ساتھ حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری صاحب' شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کی بھی دعائیں اور کرم فرمائی شامل حال ہے۔۔ حضرت مسعود ملت قبلہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب سے رضا اکیڈمی' لاہور کے دیرینہ مخلصانہ تعلقات ہیں۔ آپ نے تحریک تحقیق رضویات کو پروان چڑھایا اور رضا اکیڈمی نے اس مشن کو گھر گھر پہنچادیا' اسی تعلق کے حوالے سے رضا اکیڈمی' لاہور زیر نظر کتاب شائع کر رہی ہے۔

---

1 ۱۰ روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے ادارہ مظہر اسلام لاہور' ۶۴/۳ 'نئی آبادی۔ مجاہد آباد' مغلپورہ لاہور سے منگوائیں۔

اللہ تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ ادارہ کی اس کوشش کو اپنے پیارے عاشق رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور عاشق رضا حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کے طفیل قبول و منظور و مبرور فرمائے۔ اللھم ربنا آمین۔ بجاہ سید المرسلین۔

۷ ستمبر ۱۹۹۶ء

۱۰ ربیع الآخر ۱۴۱۶

احقر


محمد عبدالستار۔ طاہر

معرفت

ماڈرن پلاسٹک سٹور

E111/A۔ پیر کالونی۔ والٹن

لاہور کینٹ۔ ۵۴۸۱۰



بریلی میں خانقاہ رضویہ کا ایک قلمی خاکہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سُخن ہائے گفتنی

۱۹۷۹ء میں ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا نے ریاضی سے متعلق رسالہ در علم لوگارثم (محشیہ امام احمد رضا) پیش کیا تھا جو ملک کے طول و عرض میں مقبول ہوا۔ اس کے بعد ایک اور کتاب امام احمد رضا اور عالم اسلام (مؤلفہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد) اسی ادارے کے زیر اہتمام ۱۹۸۳ء میں پیش ہوگی۔ پیش نظر کتاب ادارے کی تیسری پیشکش ہے۔ اس کتاب کی غرض و غایت یہی ہے کہ امام احمد رضا کی ہمہ گیر اور ہمہ صفت شخصیت کے تمام علمی و عملی پہلوؤں کو اجاگر کرنے کے لئے محققین کے سامنے ایک جامع منصوبہ پیش کر دیا جائے جس کی روشنی میں وہ امام احمد رضا پر سنجیدگی سے کام کر سکیں۔

امام احمد رضا کی شخصیت و افکار کے مختلف گوشوں پر اب تک بہت سی کتابیں اور مقالات و مضامین شائع ہو چکے ہیں جن میں بعض علمی حیثیت سے بلند پایہ ہیں، مسلسل کام ضرور ہوا مگر مربوط نہ ہو سکا کیوں کہ موضوعات ایک منصوبے کے تحت متعین نہیں کئے گئے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد نے بھی خصوصیت کے ساتھ امام احمد رضا کی شخصیت و فکر پر بہت کام کیا ہے وہ پچھلے دس گیارہ سال سے امام احمد رضا پر کام کر رہے ہیں۔ پیش نظر کتاب کی تدوین کی تقریب یہ ہوئی کہ ڈاکٹر صاحب نے پاک و ہند اور بیرونی ممالک کے فضلاء کے اصرار پر وعدہ کیا تھا کہ وہ امام احمد رضا کی ایک مبسوط و جامع سوانح مرتب کریں گے اس وعدے کو چھ سات سال کا طویل عرصہ گزر گیا۔ اس عرصے میں ڈاکٹر صاحب امام احمد رضا اور ان کے خلفاء وغیرہ سے متعلق دوسرے مقالات اور کتابوں کی تدوین میں مصروف رہے، نیز امام احمد رضا پر دوسرے حضرات کی کتابوں پر مقدمے لکھتے رہے۔ اس طرح بیس پچیس مقالات، کتابیں و مقدمے پیش کئے اور عدیم الفرصتی کی وجہ سے موعودہ سوانح مرتب نہ کر سکے۔ حال ہی میں المجمع الاسلامی (مبارک پور، اعظم گڑھ، بھارت) کے ایک رکن مولانا افتخار احمد قادری نے ڈاکٹر صاحب کو لکھا کہ پورا ہندوستان موعودہ سوانح کا منتظر ہے، چنانچہ پاک و ہند کے فضلاء کے پے در پے تقاضوں سے متاثر

ہو کر ڈاکٹر صاحب نے تدوین کی طرف خصوصی توجہ دی اور خاکہ کی تیاری شروع کی جس میں ایک ماہ لگ گیا اور ایک جلد کی بجائے پندرہ جلدوں کا خاکہ سامنے آیا ؎

رحمتِ حق بہانہ می جوید

یہ خاکہ اس وقت آپ کے سامنے ہے۔ اس جامع منصوبے کی تکمیل فرد واحد کے بس کی بات نہیں، ایک ادارہ ہی اس کو پایۂ تکمیل تک پہنچا سکتا ہے، اس لئے جب یہ خاکہ راقم کے علم میں آیا تو یہ طے کیا کہ سردست ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا کی طرف سے اس کو شائع کر کے عالمی پیمانے پر پھیلا دیا جائے تاکہ جو محققین پہلے ہی امام احمد رضا پر کام کر رہے ہیں وہ مسلسل و مربوط کام کر سکیں اور ڈاکٹر صاحب حسب وعدہ ایک ہزار صفحات پر مشتمل امام احمد رضا کی سوانح مرتب کریں، چنانچہ موصوف نے تدوین کا کام شروع کر دیا ہے، اگر کوئی امر مانع نہیں ہوا تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک دو سال میں سوانح تیار ہو جائے گی اس دوران امام احمد رضا کی مجمل و محقق سوانح جو بہت سی دستاویزات سے مزین ہے سیالکوٹ سے شائع ہو چکی ہے۔ یہ سوانح ۱۹۸۰ء میں ڈاکٹر صاحب نے لکھی تھی۔

شخصِ واحد کا تو ذکر ہی کیا پاک و ہند کے بہت سے مدارس و دارالعلوم اور علمی اداروں کی مجموعی علمی خدمات پر تنہا امام احمد رضا کی علمی خدمات بھاری ہیں۔ امام احمد رضا کے مخطوطات کا جو عظیم ذخیرہ سامنے آیا ہے اور جو اس وقت ادارہ میں موجود ہے اس سے یہ حقیقت اور روشن ہو گئی ہے ـــــ ایک ہزار تصانیف میں امام احمد رضا کے تقریباً پونے دو سو کتب و رسائل شائع ہوئے ہیں۔ ان میں زیادہ تعداد ان کتب و رسائل کی ہے جو اختلافی مسائل یا مخالفین کے رد و قدح سے متعلق ہیں، اس لئے علمی حلقوں میں امام احمد رضا کا صحیح و مثبت تعارف نہ ہو سکا اور اہل علم یہی سمجھے کہ مطبوعہ کتب و رسائل کے علاوہ امام احمد رضا کے آثار علمی میں اور کچھ نہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ بہت سے علوم عقلیہ و نقلیہ میں وہ اس حد تک مہارت رکھتے تھے کہ پچاس علوم و فنون میں تصانیف و شروح اور حواشی تحریر فرمائے جن کو دیکھ کر محققین حیران اور انگشت بدنداں ہیں


حکومت پاکستان نے حال ہی میں تعلیمی بورڈوں اور جامعات کے لئے "مطالعہ پاکستان" کا جو لازمی نصاب تجویز کیا ہے اس میں امام احمد رضا اور ان کے خلیفہ مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی کی خدمات کو

شامل کیا ہے۔ یہ ایک قابل تعریف اقدام ہے۔ مگر امام احمد رضا کی شخصیت ہمہ گیر تھی، انھوں نے علوم جدیدہ و قدیمہ پر اپنی تحقیقات پیش کی ہیں اس لئے ضرورت ہے کہ شعبہ ہائے سائنس اور دوسرے شعبہ ہائے علوم میں امام احمد رضا نے جو خدمات انجام دی ہیں ان کو سامنے لایا جائے اور متعلقہ شعبوں کے نصاب میں ان کو شامل کیا جائے تاکہ نوجوانان ملت اپنے اسلاف کے کارناموں سے واقف ہو کر زندگی حاصل کر سکیں۔ ؎

ضبط کن تاریخ را، پائندہ شو!

امریکہ، انگلستان، افریقہ، پاکستان و ہندوستان میں اہل سنت کے جو علمی ادارے ہیں ان کو بھی اس طرف توجہ دینی چاہیے اور پیش نظر خاکے کو سامنے رکھ کر اپنی مساعی کو مسلسل و مربوط کرنا چاہیے۔ اس وقت ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کے پاس امام احمد رضا کی مطبوعہ و غیر مطبوعہ کتب و رسائل کا ایک عظیم ذخیرہ ہے جو مولانا خالد علی خاں مہتمم دار العلوم منظر اسلام، بریلی اور دوسرے کرم فرماؤں کی عنایت سے ملا ہے۔ جو حضرات جدید خطوط پر امام احمد رضا پر تحقیق کر رہے ہیں یا تحقیق کرنا چاہتے ہیں وہ راقم سے رجوع فرمائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اہل علم کی حتی المقدور مدد کی جائے گی۔ اس سلسلے میں اہل سنت و جماعت کے متمول اور مخیر حضرات سے بھی عرض کروں گا کہ وہ آگے آئیں اور اہل علم کے ساتھ بھرپور تعاون کر کے اپنی دینی حمیت و غیرت کا ثبوت دیں۔

سید ریاست علی قادری بریلوی
ڈائریکٹر
ادارہ تحقیقات امام احمد رضا
کراچی، (پاکستان)



مسجد رضا

حرفِ آغاز

راقم السطور نے ۱۹۷۰ء میں امام احمد رضا (۱۸۵۶ء - ۱۹۲۱ء) کے حالات وافکار کی طرف توجہ کی اور امام احمد رضا کے سیاسی افکار پر پہلی کتاب "فاضلِ بریلوی اور ترکِ موالات" پیش کی جو ۱۹۷۱ء میں مرکزی مجلسِ رضا لاہور (پاکستان) نے شائع کی، اس کے بعد اس کے پانچ ایڈیشن اور شائع ہوئے ——— امام احمد رضا کے حالات وافکار سے متعلق دوسری کتاب "فاضلِ بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں" پیش کی جو ۱۹۷۳ء میں مرکزی مجلسِ رضا، لاہور نے شائع کی اس کے بعد چار ایڈیشن لاہور سے شائع ہوئے اور چھٹا ایڈیشن المجمع الاسلامی (مبارک پور، بھارت) نے شائع کیا

ان دونوں کتابوں کی اشاعت کے بعد پاک و ہند اور بیرونی ممالک کے دانشوروں کی طرف سے پے در پے تقاضے آنے لگے کہ امام احمد رضا کی جدید انداز پر ایک مبسوط سوانح لکھی جائے۔ راقم السطور نے اس مہم کو سر کرنے کا وعدہ کر لیا اور مواد کی فراہمی شروع کر دی جس کو اب دس برس ہوتے ہیں ——— ابتداءً میں یہ اندازہ نہ تھا کہ امام احمد رضا کی شخصیت اتنی وسیع و ہمہ گیر ہے اور اس کے لئے اتنی وافر مقدار میں مواد مل جائیگا جس کا سنبھالنا مشکل اور سمیٹنا اس سے زیادہ مشکل ہو جائے گا، خیال یہی تھا کہ زیادہ سے زیادہ ایک ہزار صفحات پر سوانح لکھ لی جائے گی لیکن دس برس مسلسل تلاش و جستجو کے بعد اب یہ انکشاف ہوا کہ جس کام کو اتنا آسان سمجھتا تھا وہ اتنا آسان نہیں تھا ———

بہر کیف مواد کی فراہمی کے ساتھ ساتھ مطالعہ جاری رکھا۔ امام احمد رضا کی شخصیت اور عہد کے جس پہلو پر نظر جاتی وہ اپنی طرف کھینچتا ہوا معلوم ہوتا، چنانچہ ایک سوانح کی جستجو میں مطالعہ کے دوران کئی کتابیں، مقالات اور مضامین قلمبند کئے جو شائع ہو چکے۔ مذکورہ بالا دو کتابوں اور مضامین کے علاوہ امام احمد رضا اور ان کے متوسلین و خلفاء وغیرہ سے متعلق مندرجہ ذیل کتابیں اور مقالات بھی شائع ہو چکے ہیں۔

۱۰

۱- رضا بریلوی ، مقالہ انسائیکلو پیڈیا آف اسلام ، جلد دہم ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور

۲- عاشقِ رسول ، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء

۳- کلام الامام ، مرتبہ ۱۹۷۸ء (غیر مطبوعہ)

۴- عبقری الشرق (انگریزی) ، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء

۵- عاشق الرسول مولانا محمد عبدالقدیر بدایونی ، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء

۶- حیاتِ فاضل بریلوی ، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء

۷- تحریکِ آزادیٔ ہند اور السواد الاعظم ، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء

۸- تقسیمِ ہند کی پہلی مفصل تجویز اور اس کا مصنف ، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۰ء

۹- اکرامِ امام احمد رضا ، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۱ء

۱۰- حیاتِ مولانا احمد رضا خاں بریلوی ، زیرِ طبع لاہور ۱۹۸۱ء

۱۱- گناہِ بے گناہی ، لاہور ۱۹۸۱ء (زیرِ طبع)

۱۲- امام احمد رضا اور عالمِ اسلام ، کراچی ۱۹۸۱ء (زیرِ طبع)

۱۳- عالمی جامعات اور امام احمد رضا ، کراچی ۱۹۸۱ء (زیرِ طبع)

امام احمد رضا کی سوانح کے مختلف پہلو مستقل کتابوں کے مقتضی ہیں، یہ کوئی مبالغہ نہیں، محمد صادق قصوری نے خلفائے اعلیٰ حضرت کے عنوان سے امام احمد رضا کے خلفاء کے حالات دو جلدوں میں مرتب کئے ہیں اسی طرح مولانا محمد مرید احمد چشتی نے صرف پاکستان کے دانشوروں کے تأثرات خیابانِ رضا اور جہانِ رضا کے عنوانات سے دو جلدوں میں مدوّن کئے ہیں —— پروفیسر بشیر احمد قادری نے امام احمد رضا کی نعتیہ شاعری پر جو تحقیقی مقالہ پنجاب یونیورسٹی (لاہور، پاکستان) میں پیش کیا تھا وہ تقریباً ۴۸۰ صفحات پر مشتمل ہے اسی طرح ڈاکٹر حسن رضا خاں نے امام احمد رضا کی فقاہت پر پٹنہ یونیورسٹی (بھارت) میں جو مقالہ ڈاکٹریٹ پیش کیا وہ ۱۹۸۱ء میں پٹنہ سے شائع ہو گیا ہے اور ۴۸۰ صفحات پر مشتمل ہے، مولانا محمود احمد قادری (بھارت) نے امام احمد رضا کے ۵۰۰ مکتوبات اور ۱۴۰۰ عربی اشعار جمع کئے ہیں، —— ایسے اور بہت سے نظائر ہیں، ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ امام احمد رضا کی شخصیت کا ہر پہلو وسیع و ہمہ گیر ہے۔

بہرحال حیاتِ امام احمد رضا کیلئے راقم السطور نے جب خاکہ مرتب کرنا چاہا تو محسوس ہوا کہ یہ حیات ایک انسائیکلوپیڈیا کی شکل اختیار کر جائیگی، چنانچہ یہی ہوا اور پندرہ مجلدات کا خاکہ مرتب ہوا جو اس وقت پیش کیا جارہا ہے، عالمی پیمانے پر اس کے انگریزی اور عربی ترجمے بھی شائع کئے جائیں گے، انشاء اللہ تعالیٰ۔ پیش نظر خاکہ دس سال مسلسل مطالعہ کے بعد ذہن میں آیا، مزید مطالعہ و تحقیق سے افق پھیلتا جائے گا اور امکانات بڑھتے جائیں گے۔ مجوزہ ۱۵ مجلدات میں بعض مجلدات تو ایسی ہیں کہ اگر ان کو وسعت دی جائے تو ایک جلد کی کئی کئی جلدیں بن جائیں گر سر دست اختصار و اجمال کو پیشِ نظر رکھا ہے ——— راقم نے ابواب کے جلی اور بعض مقامات پر ذیلی عنوانات بھی دے دیئے ہیں، مزید عنوانات محققین اپنی صوابدید کے مطابق خود قائم کر سکتے ہیں اور چاہیں تو ترمیم و اضافہ بھی کر سکتے ہیں۔

پندرہ مجلدات کو مرتب کرنے کے لئے ایک زمانہ چاہیئے، یہ کام کوئی فرد نہیں بلکہ ادارہ ہی کر سکتا ہے سرکاری اور غیر سرکاری مصروفیات کی وجہ سے اس منصوبے کی تکمیل راقم کے لئے ممکن نہیں اس لئے اس وقت یہی مناسب خیال کیا کہ اس منصوبے کا خاکہ محققین کے لئے شائع کر دیا جائے ——— راقم نے حیاتِ امام احمد رضا ارتقائی صورت میں پیش کی ہے، پہلے پہل ایک مختصر سوانح حیات فاضل بریلوی کے عنوان سے شائع ہوئی اور ایک متوسط سوانح حیات مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے عنوان سے شائع ہونے والی ہے، اس کے بعد بسیط سوانح پیش کی جائے گی جو تقریباً ہزار صفحات پر مشتمل ہوگی انشاء اللہ تعالےٰ۔

امام احمد رضا کی متعدد سوانح شائع ہوئیں مثلاً :-

۱۔ مولانا محمد ظفر الدین بہاری ، حیاتِ اعلیٰ حضرت (۱۹۳۸ء) ، چار مجلدات ، جلد اول ، مطبوعہ کراچی

۲۔ مولانا محمد صابر قادری نسیم بستوی : مجددِ اسلام ، مطبوعہ کانپور ۱۹۶۰ء

۳۔ مولانا بدر الدین احمد قادری : سوانح اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی (۱۹۶۳ء) ، مطبوعہ لاہور

۴۔ شاہ مانا میاں قادری : سوانح حیات اعلیٰ حضرت بریلوی (۱۹۷۰ء) ، مطبوعہ کراچی

۵۔ مفتی غلام سرور قادری : الشاہ احمد رضا خاں بریلوی ، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء

۶۔ ابوالمنصور حافظ محمد انور قادری : اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی ، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۹ء

۷۔ مفتی سید شجاعت علی قادری : مجدد الامۃ (عربی) ، مطبوعہ کراچی ۱۹۷۹ء

ان کتب سوانح میں کوئی بھی ایسی نہیں جس کو فنی اعتبار سے امام احمد رضا کی مکمل سوانح کہا جا سکے، امام احمد رضا کی

شخصیت جتنی عظیم ہے اتنی عظیم کوئی سوانح شائع نہیں ہوئی ـــــــ ضرورت ہے کہ اس جامع منصوبے پر عمل کیا جائے جو اس وقت پیش کیا جا رہا ہے، اس پر عمل کے لئے مندرجہ ذیل مختلف طریقے اختیار کئے جا سکتے ہیں :

۱۔ پاکستان اور ہندوستان کی جامعات باہمی تعاون سے اپنے اپنے ریسرچ اسکالرز سے ایک ایک جلد بطور مقالہ ڈاکٹریٹ لکھوائیں ـــــــ اس سلسلے میں پٹنہ یونیورسٹی (بھارت)، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ (بھارت)، جبل یونیورسٹی، جبل پور (بھارت)، پنجاب یونیورسٹی، لاہور (پاکستان)، سندھ یونیورسٹی (پاکستان) وغیرہ میں کام ہو اور بعض یونیورسٹیوں میں ہو رہا ہے۔

۲۔ پاکستان اور ہندوستان اور یورپ و امریکہ وغیرہ کے جو فضلاء انفرادی طور پر کام کر رہے ہیں وہ منتشر موضوعات پر کام کرنے کے بجائے ان مجلدات کو اپنا موضوع تحقیق بنائیں ـــــــ اس سلسلے میں کسی علمی ادارے کو فضلاء کے درمیان رابطہ کے فرائض انجام دینے چاہئیں۔

۳۔ پاکستان اور ہندوستان کے جو ادارے امام احمد رضا پر کام کر رہے ہیں وہ باہمی تعاون سے ان مجلدات کو آپس میں تقسیم کر کے اپنے اپنے محققین کے ذریعہ اس منصوبے کو عملی جامہ پہنائیں۔

۴۔ حکومتِ پاکستان اور حکومتِ ہند سرکاری سطح پر اپنے تحقیقی اداروں میں اسکالرز کا تقرر کریں اور اس منصوبے کو مکمل کرائیں۔ اس سلسلے میں ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد (پاکستان) اور انڈین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، نئی دہلی (بھارت)، کو پیش قدمی کرنی چاہیے اور سر دست کم از کم امام احمد رضا کی قلمی تصانیف کے عکس اپنے ہاں محفوظ کر لینے چاہئیں۔

مجوّزہ مجلّدات میں بعض مجلّدات تو آسانی سے مرتب ہو سکتی ہیں اور وہ اس طرح کہ اب تک امام احمد رضا پر جو کتابیں اور مقالات شائع ہوئے ہیں، ان میں جو تحقیقی تقاضوں کو پورا کرتے ہوں ان کو کسی نہ کسی جلد کا جزء بنا دیا جائے ـــــــ بہر کیف جو ادارہ یا جامعہ اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانا چاہے، راقم السطور علمی مواد کی فراہمی میں اس سے تعاون کرے گا، ایسے حضرات یا ادارے جو تعاون کے خواہشمند ہوں اور وہ حضرات جن کے پاس امام احمد رضا کی قدیم مطبوعات، رسائل یا نوادرات ہوں وہ مندرجہ ذیل پتے پر راقم سے رجوع فرمائیں :۔

۱۷/۲، سی۔ پہلی منزل

پی۔ ای۔ سی۔ ایچ سوسائٹی، کراچی۔ ۲۹ (پاکستان)

آج ہماری ہمتیں اتنی پست ہیں کہ پندرہ مجلدات پر مشتمل امام احمد رضا کا سوانحی انسائیکلوپیڈیا مرتب کرنا دشوار نظر آرہا ہے لیکن امام احمد رضا کی ہمتِ بلند کو مرحبا کہئے کہ انہوں نے صرف فتاوی کی جہازی سائز کی بارہ جلدیں مرتب کرڈالیں اور ان کے حوصلے کو حبذا کہئے کہ پچاس سے زیادہ علوم وفنون پر ہزار سے زیادہ کتب و رسائل لکھ ڈالے۔

تحقیقی اور تاریخی نقطۂ نظر سے چودھویں صدی ہجری میں عالم اسلام میں امام احمد رضا کی نظیر نہیں ملتی ——— عقیدت کی بنا پر جسے چاہئے بڑا کہہ دیجئے اور جس کے ساتھ چاہئے مبالغہ آمیز جھوٹی سچی باتیں منسوب کر دیجئے مگر تاریخ وتحقیق میں عقیدت کا گذر نہیں، یہاں سُنی سنائی باتوں پر بھروسہ نہیں کیا جاتا ——— یہاں دیکھا جاتا ہے، یہاں پرکھا جاتا ہے ——— تو جب دیکھنے اور پرکھنے کی بات آتی ہے تو وہی کھرا نظر آتا ہے اور اپنے معاصرین کا امام معلوم ہوتا ہے ——— اس کی بیشتر نگارشات کے مخطوطات موجود ہیں اس لئے کوئی عقیدت مند شوقِ مسابقت میں کوئی کتاب لکھ کر ان سے منسوب کرنے کی طفلانہ حرکت نہیں کر سکتا اور مصنفات پر تحقیق کرنے والا کوئی محقق، تلاش وجستجو میں اصل متون سے مایوس و محروم نہیں رہ سکتا۔ اس کو امام احمد رضا کے ہاں اہتمامِ سنین کے ساتھ مخطوطات کا ایک عظیم ذخیرہ نظر آئیگا جو ان کے معاصر کسی بھی عالم کے ہاں شاید ہی نظر آئے ——— المختصر اہلِ تحقیق متوجہ ہوں گے تو قدم قدم پر یہ عالم پائیں گے ؎

مجبوریک نظر آ، مختبلد صد نظر جا


احقر محمد مسعود احمد
پرنسپل
گورنمنٹ ڈگری کالج
ٹھٹھہ (سندھ، پاکستان)

۱۴۰۳ھ
۱۹۸۳ء

بسم الله الرحمن الرحیم
نحمده و نصلی علی رسوله الکریم

فصل ۹ القول فی وجوه الزوایا المثلث الکروی القائم الزاویة من قسی عظام و الاضلاع

اقول مستعینا بالله مستغفرا [illegible] این مقالت [illegible] بتوفیق مقدم و [illegible] از [illegible]
استعانت [illegible] والله التوفیق و اسال العفو لما فیه [illegible] بدانکه در مثلث کروی [illegible] ذات صور
عقلا [illegible] ربع دوائر [illegible] ربع [illegible] اقصر [illegible] اکثر
دو اقصر [illegible] ربع دوائر [illegible] ربع دو اقصر [illegible] دو اقصر [illegible] و باعتبار دو زاویه باقیه شش وجه [illegible]
[illegible] سه وجه [illegible] - پس جمله احتمالات عقلیه [illegible] باشد
و از اینها [illegible] **شکل ۱ - اقول** در مثلث [illegible]
قسی عظام [illegible] ربع دور [illegible] همه اضلاع [illegible] همه زوایا قوائم باشند [illegible] قطب [illegible]



[illegible] اب ج [illegible] ب ج [illegible]
[illegible] اب و ج
[illegible] ترتیب اقطاب ب ج و ا ج و اب **البرهان** [illegible]
اب و اج [illegible] قطبین [illegible] باشد [illegible]
[illegible] از کل دائرة تقطعها دائرة عظیمة فی کرة علی زوایا قائمة [illegible] قطبیها [illegible]
[illegible] ربع دور [illegible] قطب دائرة اب [illegible] نقطه ج [illegible]
[illegible] و لیکن [illegible] پس ب [illegible] قطب [illegible]
[illegible] السادس عشر [illegible] کل دائرة فی کرة تقطعها [illegible] قطبیها
عظیمة [illegible] منتصف [illegible] قوائم - [illegible] قائمه [illegible] اب [illegible]

تعارفِ امام احمد رضا

امام احمد رضا ۱۸۵۶ء میں بریلی (بھارت) میں پیدا ہوئے اور ۱۹۲۱ء میں وہیں انتقال فرمایا۔ ملتِ اسلامیہ پر ان کے بڑے احسانات ہیں، وہ دنیا کے ایک عظیم عبقری تھے، ان کے حالات و واقعات محیر العقول ہیں۔

وہ زوالِ سلطنتِ مغلیہ کے نازک دور میں پیدا ہوئے، ۱۸۵۷ء کے بعد مسلم معاشرے کا فکری ڈھانچہ متزلزل ہونے لگا، نئے نئے فرقے جنم لینے لگے، اس سیلابِ انتشار کو روکنے کے لئے ایک عظیم قوتِ متحرکہ کی ضرورت تھی چنانچہ امام احمد رضا نے اس سلسلے میں اہم اور تاریخ ساز کردار ادا کیا، انہوں نے پوری قوت سے اس فکری ڈھانچہ کو سنبھالا اور اپنی مذہبی اور علمی تحقیقات و تخلیقات سے اس کو بے پناہ قوت بخشی ——— وہ اس کے قائل نہ تھے کہ فکرِ مسلم کو آزاد چھوڑ دیا جائے اور مختلف گروہوں میں بٹ کر اس کو اپنی قوت پارہ پارہ کرنے دیا جاتے ——— انہوں نے پوری کوشش کی کہ ملتِ اسلامیہ کو سلف صالحین کے نقشِ قدم پر چلایا جائے ——— وہ نقشِ قدم جس نے صراطِ مستقیم کی نشاندہی کی اور صدیوں ملت کو راہ دکھائی ———

تجدید و اصلاح کے علاوہ انہوں نے بہت کچھ کیا ——— انہوں نے قرآن کریم کا نادر و بے مثال اردو ترجمہ کیا جس کا انگریزی ترجمہ لندن یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر حنیف اختر فاطمی نے کیا جو لاہور (پاکستان) میں زیرِ طباعت ہے ——— دوسرا انگریزی ترجمہ پروفیسر شاہ فرید الحق نے کیا جو کراچی (پاکستان) سے شائع ہوگا۔

حدیث و فقہ پر امام احمد رضا کو بڑا عبور حاصل تھا جس کی نظیر ان کے عہد میں نہیں ملتی، ان کی فاضلانہ اور محققانہ تصنیف العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ[1] کی بارہ جلدیں اور بکثرت کتب و رسائل اس حقیقت پر شاہد ہیں ——— ان کے فقیہانہ کمال کا اعتراف کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد اقبال نے کہا تھا:۔

---

[1] ہندوستان اور پاکستان سے اس کی ۸ جلدیں شائع ہو چکی ہیں، باقی قلمی ہیں۔ مسعود

"ہندوستان کے دورِ آخر میں اُن جیسا طبّاع اور ذہین فقیہ پیدا نہیں ہوا" ؎۱

اور فتاویٰ رضویہ پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے ہندوستان کے مشہور قانون داں اور جج پروفیسر ڈی ۔ ایف ۔ ملا نے

"ہندوستان کا بھی بڑا کارنامہ ہے ، فقہ حنفیہ میں بہت کچھ لکھا گیا بالخصوص دو کتابیں تو بہت بڑی لکھی گئیں ، ایک فتاویٰ عالمگیری اور دوسری فتاویٰ رضویہ" ؎۲

امام احمد رضا کی فقہی اور علمی تحقیقات نے علمائے عرب کو ان کی طرف متوجہ کیا اور حیرت میں ڈال دیا نے دل کھول کر امام احمد رضا کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور خوب خوب سراہا ، شاید ان سے قبل کسی ہندی عالم کی اس طرح پذیرائی نہ ہوئی ہوگی ۔

امام احمد رضا کو اردو ، فارسی اور عربی نظم و نثر پر بڑی قدرت حاصل تھی ، ادب تو ادب ، سائنس جیسے خشک موضوع پر بحث کرتے ہوئے بھی ان کا ادبی رنگ جھلکتا ہوا نظر آتا ہے اور زبان و ادب پر ان کے حیرت انگیز کمال کا اعتراف کرنا پڑتا ہے ——— اردو کے مشہور شاعر مرزا داغ دہلوی ان کے اشعار کی تعریف کرتے تھے ، رئیس المتغزلین مولانا حسرت موہانی ان کے اشعار ورد زبان رکھتے تھے اور علمائے عرب ان کو سحبانِ وقت کہتے تھے بلکہ سحبان کو ان کے سامنے بے زبان سمجھتے تھے ۔

سیاسیات میں امام احمد رضا کو بڑی بصیرت حاصل تھی ، شاید ان کے عہد میں کسی مسلمان سیاست داں کو ایسی بصیرت حاصل نہ ہوگی ، تحریکِ خلافت (۱۹۱۹ء) اور تحریکِ ترکِ موالات (۱۹۲۰ء) کے دور میں زمانے کی شدید مخالفت و مزاحمت کے باوجود انہوں نے جو کلمۂ حق بلند فرمایا مستقبل کے تجربات و مشاہدات نے اس کو سچ کر دکھایا ——— معاصر مسلم سیاست دانوں پر ان کے شدید اثرات مرتب ہوئے جو تاریخ و سیاست پر گہری اور غیر جانبدارانہ نظر رکھنے والے حضرات پر پوشیدہ نہیں ۔

معاشیات میں بھی امام احمد رضا گہری نظر رکھتے تھے ، انہوں نے مسلمانوں کے معاشی حالات سدھارنے کے لئے جو تاریخی تجاویز پیش کیں اس پر پروفیسر رفیع الدین صدیقی نے تحقیقی مقالہ لکھا ہے ؎۳ جس سے اندازہ ہوتا

؎۱ تحریری بیان ڈاکٹر عابد احمد علی مرحوم (لاہور) محررہ یکم اگست ۱۹۶۶ء

؎۲ مکتوب علامہ نور احمد قادری (سفارت خانہ انڈونیشیا) ، مؤرخہ ۷ جنوری ۱۹۸۱ء ، اسلام آباد

؎۳ یہ مقالہ مرکزی مجلس رضا ، نے ۱۹۷۷ء میں لاہور سے شائع کر دیا تھا ۔ مسعود

کہ امام احمد رضا کو معاشیات میں بصیرت حاصل تھی ——— جو تجاویز انہوں نے پیش کی تھیں، مسلم دنیا نے بعد میں اس پر عمل کیا۔

سائنس اور علوم جدیدہ پر بھی امام احمد رضا کو حیرت انگیز قدرت حاصل تھی جس پر ان کی تصانیف اور حواشی شاہد ہیں۔ انہوں نے کاپرنیکس کے "نظریۂ گردش زمین"، آئزک نیوٹن کے "نظریۂ کشش ثقل" اور آئین سٹائن کے "نظریۂ اضافیت" پر اپنی تنقیدات پیش کیں، جو قابلِ مطالعہ ہیں ——— ان کے عہد کے ریاضی دانوں نے ان سے استفادہ کیا اور ان کی تحقیقات سے فائدہ اٹھایا چنانچہ ڈاکٹر سر ضیاء الدین مرحوم (وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، بھارت) نے جب ایک لاینحل ریاضی کا مسئلہ ان کے سامنے رکھا تو امام احمد رضا نے فوراً حل کر دیا جس کو دیکھ کر انہوں نے بے ساختہ فرمایا :-

"صحیح معنوں میں یہ ہستی نوبل پرائز کی مستحق ہے" [۱]

انہوں نے اپنے عہد کے علماء ہیأۃ کو چیلنج کیا اور ان کی تحقیقات کو باطل ثابت کر دکھایا، چنانچہ مشگن یونیورسٹی (امریکہ) کے البرٹ ایف، پورٹا کو امام احمد رضا کی تحقیقات نے ساکت وصامت کر دیا اور وہی کچھ ہوا جو امام احمد رضا نے کہا تھا ——— منقولات ومعقولات میں امام احمد رضا نے بہت سے قواعد واصول ایجاد کئے جن سے منقولین ومعقولین فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

امام احمد رضا نے پچاس سے زیادہ علوم وفنون میں ہزار سے زیادہ تصانیف چھوڑی ہیں، علوم و فنون کا یہ تنوع اور تصانیف کی یہ کثرت نہ ان کے دور میں نظر آتی ہے اور نہ ان کے بعد ——— انہوں نے ایک عظیم دینی لٹریچر چھوڑا ہے، وہ تن تنہا کئی اداروں پر بھاری نظر آتے ہیں۔

ان کے صاحبزادگان نے دین وملت کی قابلِ قدر خدمات انجام دیں اور ان کے ایک صاحبزادے مفتی محمد مصطفےٰ رضا خاں صاحب اب بھی ہندوستان میں خدمات انجام دے رہے ہیں ——— امام احمد رضا کے خلفاء اور تلامذہ سینکڑوں سے متجاوز ہیں جن کا فیض پاک وہند اور بیرونی ممالک میں جاری ہے۔

امام احمد رضا کے علمی، دینی اور سیاسی وملی خدمات کو مختلف طبقوں نے سراہا ہے، دانشوروں کا تو

---

[۱] مفتی برہان الحق جبلپوری : اکرام امام احمد رضا مطبوعہ لاہور ۱۹۸۱ء، ص ۶۰

ایک طویل سلسلہ ہے، وزراءِ حکومت اور فوجی سپہ سالاروں نے بھی ان کی خدمات کی تعریف کی ہے اور خوب ہے، مثلاً :-

۱۔ ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی (سابق مرکزی وزیرِ تعلیم، حکومت پاکستان)

۲۔ خان محمد علی خاں آف ہوتی (موجودہ مرکزی وزیرِ تعلیم، حکومت پاکستان)

۳۔ ایئر مارشل اصغر خاں (سابق کمانڈر انچیف پاکستان فضائیہ)

ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی نے ایک ملاقات میں راقم سے خود فرمایا کہ امام احمد رضا پر انگریزی میں ایک مبسوط کتاب لکھنے کی ضرورت ہے، انہوں نے راقم سے اس کام کو مکمل کرنے کے لیئے فرمایا ——

الغرض امام احمد رضا عالمِ اسلام کے وہ عبقری ہیں جو اپنے تحیّر العقول علم و فضل کی وجہ سے خواص میں مقبول ہیں اور اپنے بے پناہ عشقِ رسول (علیہ التحیۃ والتسلیم) کی وجہ سے عوام میں —— ان کا سلام مشرق سے لے کر مغرب تک اور جنوب سے لے کر شمال تک پاکستان اور ہندوستان میں پڑھا اور سنا جاتا ہے بلکہ حجازِ مقدس، یورپ و افریقہ اور امریکہ میں بھی اس کی آواز سنی جاتی ہے —— سچ تو یہ ہے کہ امام احمد رضا عالمِ اسلام کے علماء و دانشوروں کے وہ فردِ فرید ہیں جن کو فخر کے ساتھ دنیا کے سامنے پیش کیا جا سکتا ہے ——

احقر محمد مسعود احمد عُفی عنہٗ

عکسِ نوادرات

نموذجاتِ مخطوطاتِ امام احمد رضا

۱۔ رسالہ عقائد السعی المشکور	عقائد	عربی	سنہ ۱۲۹۰ھ	۲۱
۲۔ تاج توقیت	توقیت	فارسی	سنہ ۱۳۲۰ھ	۲۲
۳۔ کسور اعشاریہ	تکسیر	فارسی	سنہ ۱۳۲۹ھ	۲۳
۴۔ اوقات صلوات مکہ معظمہ	توقیت	—	سنہ ۱۳۳۱ھ	۲۴
۵۔ تلخیص علم مثلث کروی	مثلث	فارسی	سنہ ۱۳۳۲ھ	۲۵
۶۔ اطائب الاکسیر فی علم التکسیر	تکسیر	عربی	سنہ ۱۳۲۶ھ	۲۶
۷۔ معدن علومی در سنین ہجری، عیسوی، رومی؛	تاریخ و سنہ	اردو	سنہ ۱۳۰۷ھ	۲۷
۸۔ الوسائل الرضویہ للمسائل الجفریہ	جفر	عربی	سنہ ۱۳۲۲ھ	۲۸
۹۔ البرہان القویم علی العرض والتقویم	تقویم	فارسی	سنہ ۱۳۲۷ھ	۲۹

بسم الله الرحمن الرحيم

المقام الاول في تحقيق الذات ... [illegible]

[illegible] اقول [illegible]

[illegible] اقول [illegible]

[illegible] فاقول [illegible]

[illegible]

تاج توقیت

بسم الله الرحمٰن الرحیم

الحمد لله الذی جعل الصلٰوة کتابا موقوتا علی المؤمنین — و افضل الصلٰوة و اکمل السلام
علی من فرض الخمس و بین اوقاتها بالبیان المبین — صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و علی
آله وصحبه الی نظیفین علی میقات التقیین — کل وقت و آن — و حین و زمان — من
اول الایام الی یوم الدین — اما بعد فقیر قادری احمد رضا بریلوی عفی عنه
التقوی چون اهل زمان را دید که از علم شریف توقیت عاری اند و در بیان
اوقات صلوات و سحور و افطار به تیه حیرت سائر و ساری باز بکمال
جهل جهل خود را علم دانند دگر را نه دریں معرکه استر دوانند و مصداق فافتوا
بغیر علمه فضلوا و اضلوا شوند و خود از جمله چه گله که آنانکه علما خوانند و خود
نیز همین راه جرات رانند بارے از اوقات صلاة بحث آنها کمتر باشد فاما در
رمضان هر عالمے و جاهلے از اصحاب اخبار و جنتریها جدولے بنظم باطل خویش
تراشد و بملک اشاعت کند و در اغوا و اضلال زنند گاه مسلمانان را سحر از
صبح به نشعت دقیقه و بیشتر زان منع از سحور کرده روزه شکست کنند و گاه چند
دقیقه پیشتر از غروب حکم افطار داده روزها بر هم زنند مبلغ علم آنها همین
جداول مولوی مسیح الدین خان کاکوروی است که اعتماد بر آن ایشان و اتقان را
مشعل راه کورانه روی است آن مرحوم خود از این فن چیزی هم نداشت

الله

بسم الله الرحمن الرحیم

نحمده و نصلی علی رسوله الکریم

قال الفقیر محمد عبد القادر بیرونی غفر له (جمع اعشاریه) مقاله در حساب کسور اعشاریه

جمع اعشاریه همچو جمع صحاح است بلحاظ موازاة همزات و در حاصل موازی همزات همزه آید و ازین همزات گر حاصل بدست ماند به یسار همزه حاصل ضم کنند مثلا ۵،۴۷ + ۱۳،۱۴ + ۲،۱۷ = ۲۵،۳۵۴ **اقول** گر در لوگارثم خطوط مثلث چون عدد صحیح که بر یسار همزه است از ده فزون شود ده ازان قطع کنند زیرا که ده یک صحیح تام است و انجا بر یک صحیح تام زیادت معقول نیست بعینه آنچنانکه چون مرتبه قوس از ۳۶۰ بالا رود دور کامل ازان کاهند -

تفریق اعشاریه

همچون صحاح و لحاظ توازی همزات اینجا نیز و اگر یمین همزه مفروق منه کم از یمین همزه مفروق است یکی از یسار همزه مفروق منه با و منتقل کنند چنانکه معمول تفریق است

۲،۷۱۵،۱۷ − ۹،۹۲۸ = ۲۹،۵۸۹   ۱،۲ − ۲،۴۴ = ۲،۵۶   ۱۵،۱ − ۱،۱ = ۲،۰۵

ضرب اعشاریه

همچو صحاح بلا لحاظ همزه ضرب کنند و هر قدر کسور در مضروب یا در مضروب فیه یا در هر دو باشند بعدد آنها از مراتب حاصل ضرب

بسم الله الرحمن الرحيم

مكة المكرمة وما يقاربها في العرض عرضها كا ك

جدي

درجات البرج	امساك	طلوع	ضحوة	ظهر	عصر اول	عصر ثاني	عشا	[illegible]
٠	٢٣ -١١	٣ ١	٤٧ ٥	٣٩ ٦	٢٣ ٩	٢٨ ١٠	١٩ ١	٠٠
١	٣٢	//	//	//	//	//	//	[illegible]
٢	٣٢	//	//	//	//	//	//	٢١
٣	٣٣	//	//	//	//	//	//	٢٧
٤	٣٢	//	//	//	//	//	//	٢٦
